5

New Get Ahead

MATHEMATICS

Bilingual Teaching Guide

دو زبانی رہنمائے اساتذہ



Parveen Arif Ali

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

Contents

Introduction .... **IV**

Unit 1: Numbers

- Lesson 1: Numbers up to One Billion 2
- Lesson 2: Addition and Subtraction of Bigger Numbers.................. 4
- Lesson 3: Multiplication and Division 6
- Lesson 4: Rules of Divisibility 10
- Lesson 5: BODMAS Rules.. 14

Unit 2: HCF and LCM

- Lesson 1: Factors... 18
- Lesson 2: Highest Common Fraction (HCF) 22
- Lesson 3: Multiples... 26
- Lesson 4: Lowest Common Multiple (LCM) 30

Unit 3: Fractions

- Lesson 1: Conversion of Fractions 34
- Lesson 2: Four Operations Involving Fractions 36
- Lesson 3: BOADMAS Rules 42

Unit 4: Decimal and Percentages

- Lesson 1: Conversion of Decimal Numbers 46
- Lesson 2: Addiction and Subtraction of Decimal 50
- Lesson 3: Multiplication of Decimal Number 52
- Lesson 4: Division of Decimal Numbers 54
- Lesson 5: Decimal Expressions Involving Brackets 58
- Lesson 6: Percentages 60

Unit 5: Distance, Time and Temperature

- Lesson 1: Length 64
- Lesson 2: Addition and Subtraction of Length 66
- Lesson 3: Conversion of Units of Time 68
- Lesson 4: Addition and Subtraction of Units of Time 70
- Lesson 5: Calendar 74
- Lesson 6: Temperature 76

Unit 6: Unitary Method

- Lesson 1: Unitary Method 80
- Lesson 2: Average 82
- Lesson 3: Direct and Inverse Proportion 84

Unit 7: Geometry

- Lesson 1: Lines 88
- Lesson 2: Angles 90
- Lesson 3: Triangles 92
- Lesson 4: Quadrilaterals 94

Unit 8: Perimeter and Area

- Lesson 1: Perimeter 96
- Lesson 2: Area 98
- Lesson 3: Volume 100

Unit 9: Information Handling

- Lesson 1: Graphs 104
- Lesson 2: Data Handling 106

Answer 110

Introduction

Get Ahead Mathematics is a series of eight books from levels one to eight. The accompanying Teaching Guides contain guidelines for the teachers. The Teaching Guides, for Books 2 to 5, contain answers to the mathematical problems in the books.

The teachers should devise means and ways of reaching out to the students so that they have a thorough knowledge of the subject without getting bored.

The teachers must use their discretion in teaching a topic in a way they find appropriate, depending on the intelligence level as well as the academic standard of the class.

Encourage the students to relate examples to real things. Don't rush.

Allow time to respond to questions and discuss particular concepts.

Come well prepared to the class. Read the introduction to the topic to be taught in the pupils' book. Prepare charts if necessary. Practice diagrams to be drawn on the blackboard. Collect material relevant to the topic. Prepare short questions, homework, tests and assignments.

Before starting the lesson make a quick survey of the previous knowledge of the students, by asking them questions pertaining to the topic. Explain the concepts with worked examples on the board. The students should be encouraged to work independently, with useful suggestions from the teacher. Exercises at the end of each lesson should be divided between class work and homework. The lesson should conclude with a review of the concept that has been developed or with the work that has been discussed or accomplished.

Blackboard work is an important aspect of teaching mathematics. However, too much time should not be spent on it as the students lose interest. Charts can also be used to explain some concepts, as visual material helps students make mental pictures which are learnt quickly and can be recalled instantly.

Most of the work will be done in the exercise books. These should be carefully and neatly presented so that the processes can easily be seen.

The above guidelines for teachers will enable them to teach effectively and develop an interest in the subject.

These suggestions can only supplement and support the professional judgement of the teacher. In no way can they serve as a substitute for it. It is hoped that your interest in the subject together with the features of the book will provide students with more zest to learn mathematics and excel in the subject.

تعارف

Get Ahead Mathematics پہلی سے آٹھویں جماعت تک کے لیے 8 کتابوں کا سلسلہ ہے۔ منسلکہ رہنمائے اساتذہ میں اساتذہ کے لیے رہنما اصول بھی دیے گئے ہیں۔

اساتذہ طلبا کو سمجھانے کے لیے وسیلے اور طریقے خود ہی وضع کریں تاکہ طلبا کسی اُکتاہٹ کے بغیر مضمون کی مکمل معلومات حاصل کرسکیں۔ اساتذہ کو کسی بھی موضوع کو پڑھاتے ہوئے ایسا طریقۂ کار اختیار کرنا چاہیے جسے وہ مناسب سمجھتے ہوں اور جو ذہانت کی سطح اور جماعت کے تعلیمی معیار کے مطابق ہو۔ اساتذہ حقیقی چیزوں سے مثالیں دینے میں طلبا کی ہمت افزائی کریں، جلدی نہ کریں۔ سوالات کے جوابات حاصل کرنے اور کسی مخصوص نقطۂ نظر پر بحث کے لیے وقت دیں۔ کمرۂ جماعت میں اچھی طرح تیار ہو کر آئیں۔ درسی کتاب کے کسی موضوع کو سکھانے سے پہلے اس کا مکمل طور پر تعارف کروائیں۔ اگر ضروری ہو تو اس کے لیے چارٹ بھی تیار کریں۔ تختۂ سیاہ پر مشق کے لیے اشکال بنائیں۔ موضوع سے متعلق مواد اکٹھا کریں۔ مختصر سوالات، گھر کا کام، امتحان اور مشق کا دیگر کام تیار رکھیں۔ کوئی سبق شروع کرنے سے پہلے طلبا کی گزشتہ معلومات کا ایک فوری جائزہ لیں جس کے لیے ان سے موضوع سے متعلق سوالات کریں۔ تختۂ سیاہ پر مشقوں کی مثالوں کے ذریعے تصورات کی وضاحت کریں۔ طلبا کو اپنا کام آزادی سے کرنے کا موقع دیں اور ساتھ ساتھ مفید مشورے بھی دیتے رہیں۔ ہر سبق کے آخر میں دی گئی مشقوں کو کلاس ورک اور ہوم ورک میں تقسیم کریں۔ کسی بھی سبق کا اختتام اس تصور کا جائزہ لیتے ہوئے کریں جو اس سبق کے مطالعے کے دوران پیدا ہوا یا جس کام پر بحث کی گئی یا جو مکمل کیا گیا۔

ریاضی پڑھانے کے لیے تختۂ سیاہ کی ایک خاص اہمیت ہے تاہم اس پر زیادہ وقت صرف نہ کیا جائے کیونکہ اس سے طلبا دلچسپی کھو دیتے ہیں۔ کچھ موضوعات کی وضاحت کے لیے چارٹ بھی استعمال کیے جاسکتے ہیں کیونکہ بصری مواد طلبا کو ذہنی تصویر بنانے میں مدد دیتا ہے جس سے وہ فوری طور پر سیکھ جاتے ہیں اور آسانی سے ذہن میں دہرا بھی لیتے ہیں۔

زیادہ تر کام مشقی کتابوں میں کیا جائے گا۔ انھیں احتیاط سے صاف ستھرا رکھنا چاہیے تاکہ طریقۂ کار آسانی سے دیکھ لیے جائیں۔

مندرجہ بالا رہنما اصول، اساتذہ کو موثر انداز میں سکھانے کے قابل بنائیں گے اور مضمون میں طلبا کی دلچسپی بڑھانے میں مدد کریں گے۔

یہ تجاویز، استاد کے پیشہ ورانہ فیصلے کے لیے محض ایک مدد اور اضافہ ہے وگرنہ یہ کسی بھی طرح استاد کا نعم البدل نہیں ہیں۔ امید ہے کہ مضمون میں آپ کی دلچسپی اور کتاب کی خصوصیات کو زیادہ محنت سے ریاضی سیکھنے اور مضمون میں مہارت حاصل کرنے میں مددگار ہوں گی۔

unit

1 Numbers and Number Operations

(pages 2-21)

Overview:

This unit comprises on numbers up to one billion. It guides to write numbers in numerals and in words. It also provides practice of addition and subtraction of numbers of arbitrary size. It provides ability to multiply and divide numbers up to 6 digits with 2-digit and 3-digit numbers. It helps to identify divisibility rules for 2, 3, 4, 5, 6, 9 and 10. It introduces BODMAS rules and its application.

Lesson 1: Numbers up to One Billion

Objectives

Enable students to read and write numbers up to 10 digits.

Students' Learning Outcomes

Students will be able to:

- read numbers up to one billion and write them in numerals and words
- identify the place value of specific digits in a 10-digit number

Start

Write biggest 9-digit number on the board i.e. 999, 999, 999. Ask the students to read the number, then ask what will be the next number? Remind them that by adding 1 we can have the next number. Ask them to find the number and keep it to themselves.

Main

Make a place value table till billion on the board.

B	HM	TM	M	HTH	TTH	TH	H	T	U
1	0	0	0	0	0	0	0	0	0

Now ask, whether they have same number by adding 1 to 999, 999, 999. Tell them numbers have shifted to one digit towards left and has become a 10-digit number that is one billion.

اعداد و عددی عوامل

(صفحہ 2 تا 21)

یونٹ کا مجموعی جائزہ

یہ یونٹ ایک ارب تک اعداد پر مشتمل ہے۔ یہ اعداد کو اعداد و شمار اور الفاظ میں لکھنے کی رہنمائی دیتا ہے۔ یہ بے قاعدہ سائز کے اعداد کی جمع اور تفریق کی مشق بھی فراہم کرتا ہے۔ یہ 2 اور 3 ہندسی اعداد کے ساتھ 6 ہندسی اعداد تک کی ضرب اور تقسیم کی صلاحیت فراہم کرتا ہے۔ یہ 2، 3، 4، 5، 6، 9 اور 10 کے لیے تقسیم کاری کے اصول کی شناخت میں مدد دیتا ہے۔ یہ BODMAS کے اصول اور اس کے استعمال کو متعارف کرواتا ہے۔

سبق نمبر 1 : ایک ارب تک اعداد

مقصد

طلبہ کو 10 ہندسی اعداد لکھنے اور پڑھنے کے قابل بنانا۔

طلبہ کا حاصلاتِ تعلم

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ایک ارب تک اعداد پڑھ سکیں اور اعداد و شمار اور الفاظ میں لکھ سکیں۔
- ایک 10 ہندسی عدد میں مخصوص ہندسوں کی مقامی قیمت کو پہچان سکیں۔

ابتدائیہ

تختے پر سب سے بڑا 9 ہندسی عدد جیسے کہ 999,999,999 لکھیں۔ طلبہ سے عدد پڑھنے کو کہیں، پھر پوچھیں کہ اگلا عدد کیا ہوگا؟ انھیں یاد دلائیں کہ 1 جمع کرنے سے ہمیں اگلا عدد مل سکتا ہے۔ انھیں عدد معلوم کرنے اور اپنے تک محفوظ کرنے کو کہیں۔

مرکزی نقطہ

تختے پر ایک ارب تک کی مقامی قیمتوں کا خاکہ بنائیں۔

اکائی	دہائی	سیکڑا	ہزار	دس ہزار	لاکھ	دس لاکھ	کروڑ	دس کروڑ	ارب
0	0	0	0	0	0	0	0	0	1

اب پوچھیں، آیا 999,999,999 میں 1 جمع کرنے سے انھیں یہی عدد ملا۔ انھیں بتائیں کہ اعداد ایک ہندسہ بائیں جانب منتقل ہو کر ایک 10 ہندسی عدد بن گیا ہے جو کہ ایک ارب ہے۔

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

Write the following or any ten digit numbers on the board.

(4), 3 (2) 5, 9 8 7, 0 1 3   4, (8) 1 0, 8 (9) 3, 1 2 5

Ask few students to read them aloud and all of them will copy and write the numbers in words in their notebooks. Now encircle two digits in each number and ask the place value of encircled digit. Guide them to write the numbers in a place value table. It will make their task easier.

Tell them that commas should be placed between each set of place values.

Plenary

Ask students to do exercise on page 11 and 12 of the book.

Extended Activity: Make groups of 6 students and ask each group to make a colourful place value chart till billion on an A4 paper to hang in the classroom. That would always help them in writing big numbers in words.

Lesson 2: Addition and Subtraction of Bigger Numbers

Objective

Enable students to add and subtract bigger numbers

Students' Learning Outcomes

Students will be able to:

- add and subtract numbers of arbitrary size up to 10 digits
- perform operations with carrying and borrowing methods

Start

Ask student to hang their colourful place value charts on different walls of classroom. Tell them while dealing with bigger numbers, they can take help from these charts.

Main

Tell them that addition and subtraction of numbers up to 10-digits follow the same rules as done before. Solve the following example on the board.

OXFORD UNIVERSITY PRESS

مندرجہ ذیل یا کوئی بھی 10 ہندسی اعداد تختے پر لکھیں۔

4,⑧10,8⑨3,125 ④,3②5,987,013

کچھ طلبہ سے باآوازِ بلند انھیں پڑھنے کو کہیں اور سب ان اعداد کو اپنی کاپیوں میں الفاظ میں لکھیں گے۔ اب ہر عدد میں دو ہندسوں کے گرد دائرہ بنائیں اور محاصرہ کیے ہوئے ہندسے کی مقامی قیمت پوچھیں۔ انھیں ہدایت دیں کہ اعداد کو مقامی قیمت کے خاکے میں لکھیں۔ اس سے ان کا کام آسان ہوجائے گا۔

انھیں بتائیں کہ رمز و وقف کو مقامی قیمتوں کے ہر سلسلے کے درمیان لگانا چاہیے۔

حاصل کردہ

طلبہ سے کتاب میں صفحہ نمبر 11 اور 12 کی مشق کرنے کو کہیں۔

اضافی سرگرمی 6: طلبہ کو ایک گروہ بنائیں اور کمرۂ جماعت میں لٹکانے کے لیے ہر گروہ سے اے فور صفحے پر ایک ارب تک مقامی قیمتوں کا رنگ برنگا خاکہ بنانے کو کہیں جس سے ان کو ہمیشہ بڑے اعداد کو الفاظ میں لکھنے میں مدد ملے گی۔

سبق نمبر 2 : بڑے اعداد کی جمع اور تفریق

مقصد

طلبہ کو بڑے اعداد کی جمع اور تفریق کے قابل بنانا۔

طلبہ کا حاصلاتِ تعلم

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- 10 ہندسی تک بے قاعدہ سائز کی اعداد کی جمع اور تفریق کرسکیں۔
- ادھار دینے اور لینے کے طریقوں کے ساتھ ریاضی عوامل حل کرسکیں۔

ابتدائیہ

طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنے مقامی قیمتوں کے رنگ برنگے خاکے کمرہِ جماعت کی مختلف دیواروں پر لٹکائیں۔ انھیں بتائیں کہ بڑے اعداد کے ساتھ معاملات کرتے وقت، وہ ان خاکوں سے مدد لے سکتے ہیں۔

مرکزی نقطہ

انھیں بتائیں کہ 10 ہندسی تک اعداد کی جمع اور تفریق انھی اصولوں کی پیروی کرتے ہوئے کی جائے گی جیسے پہلے کی گئی تھی۔

$$\begin{array}{r} \overset{1}{4},\overset{1}{5}\overset{1}{9}2,8\overset{1}{6}\overset{1}{5},4\overset{1}{0}3 \\ +\quad 13,214,598 \\ \hline 4,606,080,001 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 9,105,268,569 \\ -\quad 3,785,019,318 \\ \hline 5,320,249,251 \\ \hline \end{array}$$

Plenary

Ask them to solve question (a – c) from page 13 and 14 as class work

Extended Activity: Divide the class in 4 groups. Assign the following task to each group.

Group 1: Add the greatest 9-digit number to the greatest 6-digit number.

Group 2: Add the greatest 8-digit number to the smallest 7-digit number.

Group 3: Subtract smallest 5-digit number from greatest 5-digit number.

Group 4: Subtract smallest 7-digit number from greatest 8-digit number.

Lesson 3: Multiplication and Division

Objectives

Enable them to multiply and divide bigger numbers

Students' Learning Outcomes

Student will be able to:

- multiply numbers up to 6 digits by 2-digit and 3-digit numbers
- divide numbers up to 6 digits by 2-digit and 3-digit numbers

Start

Ask the students, can they multiply 4 2 6 9 5 by 28 mentally? The answer would be definitely 'no'. Tell them that multiplying a number with 2 or 3 digit numbers involves more than one step.

OXFORD UNIVERSITY PRESS

1 1 1 11 1 1	
4,592,865,403	9,105,268,569
+ 13,214,598	– 3,785,019,318
4,606,080,001	5,320,249,251

حاصل کردہ

طلبہ سے کہیں کہ جماعت کے کام کے طور پر صفحہ نمبر 13 اور 14 پر موجود (a – c) سوالات حل کریں۔

اضافی سرگرمی : جماعت کو 4 گروہوں میں تقسیم کریں۔ ہر گروہ کو مندرجہ ذیل کام تفویض کریں۔

گروہ 1 : سب سے بڑے 9 ہندسی عدد کو سب سے بڑے 6 ہندسی عدد میں جمع کریں۔

گروہ 2: سب سے بڑے 8 ہندسی عدد کو سب سے چھوٹے 7 ہندسی عدد میں جمع کریں۔

گروہ 3: سب سے چھوٹے 5 ہندسی عدد کو سب سے بڑے 5 ہندسی عدد میں سے تفریق کریں۔

گروہ 4: سب سے چھوٹے 7 ہندسی عدد کو سب سے بڑے 8 ہندسی عدد میں سے تفریق کریں۔

سبق نمبر 3 : ضرب اور تقسیم

مقصد

طلبہ کو بڑے اعداد کی ضرب اور تقسیم کے قابل بنانا۔

طلبہ کا حاصلاتِ تعلم

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- 2 اور 3 ہندسی اعداد کو 6 ہندسی اعداد تک ضرب دے سکیں۔
- 2 اور 3 ہندسی اعداد کو 6 ہندسی اعداد تک تقسیم کرسکیں۔

ابتدائیہ

طلبہ سے پوچھیں کہ کیا وہ ذہنی طور پر 5 9 6 2 4 کو 28 سے ضرب دے سکتے ہیں؟ جواب یقیناً نہیں ہوگا۔ انھیں بتائیں کہ 2 اور 3 ہندسی اعداد کے ساتھ ضرب کرنے میں ایک سے زائد مراحل شامل ہوتے ہیں۔

Main

Multiplication

Solve the following example on the board explaining each step to the students.

```
     428,935
     × 632
  ----------
      857870  ──────▶ multiplicand × 2
    12868050  ──────▶ multiplicand × 30
   257361000  ──────▶ multiplicand × 600
  ----------
 271,086,920  ──────▶ product
  ----------
```

s

Tell them that there is an interesting fact about multiplication, when we multiply a number with powers of 10s (i.e. 10, 100, 1000,…), we simply need to multiply the numbers and add as many zeros as appear in the sum. Tell them that this is a basic skill of maths. Write the following examples on the board.

45 × 10 = 450 add on one 0

45 × 100 = 4500 add on two 0s

45 × 1000 = 45000 add on three 0s

Ask them to do Q 1 (a – d) on page 16 and (a – c) on page 18.

Division

Now ask the students to divided the following number in their notebook as the recall of previous learning.

55568 ÷ 5.

Emphasise them to learn the tables and revise them frequently.

Solve example 1 on page 19 explaining each step clearly. Ask them to solve questions (a – d) from page 19.

Plenary

Write few jumbled up sums of multiplication and division on the board. Divide the class into 2 groups. One group will solve multiplication sums, other group will solve division sums.

Extended Activity: Write few numbers on the board and ask students to multiply it with 10,100 and 1000. This task can be given as homework.

OXFORD UNIVERSITY PRESS

مرکزی نقطہ

ضرب کاری

طلبہ کو ہر مرحلہ سمجھاتے ہوئے درج ذیل مثال تختے پر حل کریں۔

428,935	
× 632	
857870	⟶ multiplicand × 2
12868050	⟶ multiplicand × 30
257361000	⟶ multiplicand × 600
271,086,920	⟶ product

انھیں بتائیں کہ ضرب کاری سے متعلق ایک دلچسپ حقیقت یہ ہے کہ، جب ہم ایک عدد کو 10 کی طاقت سے ضرب دیتے ہیں تو ہمیں صرف اس عدد کو ضرب دینا ہوتا ہے اور سوال میں موجود تمام صفر کو جواب میں جمع کرنا ہوتا ہے۔ انھیں بتائیں کہ یہ ریاضی کی ایک بنیادی مہارت ہے۔ تختے پر مندرجہ ذیل مثالیں تحریر کریں۔

45 x 10 = 450 (ایک صفر کا اضافہ کریں)

45 x 100 = 4500 (دو صفر کا اضافہ کریں)

45 x 1000 = 45000 (تین صفر کا اضافہ کریں)

طلبہ سے صفحہ نمبر 16 پر موجود سوال نمبر 1 (a – d) اور صفحہ نمبر 18 پر موجود (a – c) کرنے کو کہیں۔

تقسیم کاری

اب پچھلے سبق کی دہرائی کے طور پر طلبہ سے درج ذیل عدد اپنی کاپیوں پر تقسیم کرنے کو کہیں:

5 5 6 8 5 ÷ 5

انھیں پہاڑے یاد کرنے اور اکثر دہرانے پر زور دیں۔

ہر مرحلہ واضح طور پر سمجھاتے ہوئے صفحہ نمبر 19 پر موجود مثال نمبر 1 حل کریں۔ صفحہ نمبر 19 سے (a – d) سوالات حل کرنے کو کہیں۔

حاصل کردہ

تختے پر ضرب اور تقسیم کے ملے جلے سوالات تحریر کریں۔ جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں۔ ایک گروہ ضرب کاری اور دوسرا گروہ تقسیم کاری کے سوالات حل کرے گا۔

اضافی سرگرمی: تختے پر کچھ اعداد لکھیں اور طلبہ سے انھیں 10، 100 اور 1000 سے ضرب دینے کو کہیں۔ یہ کام گھر کے کام کے طور پر بھی دیا جا سکتا ہے۔

Lesson 4: Rules of Divisibility

Objectives

Enable them to:

- identify divisibility rule for 2, 3, 4, 5, 6, 9, and 10
- use divisibility test for 2, 3, 4, 5, 6, 9, and 10

Students' Learning Outcomes

Student will be able to:

- identify the numbers divisible by 2, 3, 4, 5, 6, 7, and 10
- apply divisibility rules to the given numbers

Start

Teacher should start with the key term i.e. 'divisible'. Ask the students what they understand with this word. Write their knowledge on the board. Then wipe out the incorrect information, explain to them that divisible means which can be divided completely by a number. The number which divides is a 'divisor'.

Main

Tell them if we want to find the divisors of large numbers, there are some simple and quick tests by which we can find out whether a number is divisible by a certain number or not.

Test for divisibility by 2

Check whether the number is even or odd. If the number is even, it is divisible by 2. If it is odd, it is not divisible by 2. For example, 234 is divisible by 2 but 335 is not.

Test for divisibility by 3

Add up all the digits of the number. If the sum is a number that is exactly divisible by 3, then the number is divisible by 3. For example, 342 is divisible by 3 because the sum of 3 + 4 + 2 is 9 which is exactly divisible by 3. 134 is not divisible by 3 as 1+3+4= 8 which is not exactly divisible by 3.

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

سبق نمبر 4 : تقسیم کاری کے اصول

مقصد

طلبہ کو 2، 3، 4، 5، 6، 7 اور 10 کے لیے تقسیم کاری کے اصول پہچاننے کے قابل بنانا۔
2 ، 3، 4، 5، 6، 7 اور 10 کے لیے تقسیم کاری کے اصول استعمال کر سکیں۔

طلبہ کا حاصلاتِ تعلم

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- 2 ، 3، 4، 5، 6، 7 اور 10 سے قابلِ تقسیم عدد پہچان سکیں۔
- دیے گئے اعداد پر تقسیم کاری کے اصول لاگو کر سکیں۔

ابتدائیہ

استاد کو اہم اصطلاح جیسے کہ ''قابلِ تقسیم'' کے ساتھ شروع کرنا چاہیے۔ طلبہ سے پوچھیں کہ انھیں اس لفظ سے کیا سمجھ آیا۔ ان کی معلومات تختے پر تحریر کریں۔ پھر اس میں سے غلط معلومات کو مٹا دیں اور سمجھائیں کہ قابلِ تقسیم وہ ہوتا ہے جو کسی بھی عدد سے مکمل طور پر تقسیم کیا جا سکے۔ وہ عدد جو تقسیم کرتا ہے وہ تقسیم کردہ ہوتا ہے۔

مرکزی نقطہ

انھیں بتائیں کہ اگر ہم بڑے اعداد کے تقسیم کردہ معلوم کرنا چاہتے ہوں تو ہمارے پاس کچھ آسان اور فوری طریقہ کار موجود ہیں جن کی مدد سے ہم یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ آیا کوئی عدد دوسرے عدد سے قابلِ تقسیم ہے یا نہیں۔

2 سے تقسیم کاری کے لیے پرکھ

جانچ کریں آیا دیا گیا عدد جفت ہے یا طاق۔ اگر عدد جفت ہے تو وہ 2 سے قابلِ تقسیم ہے اور اگر عدد طاق ہے تو وہ 2 سے قابلِ تقسیم نہیں ہے۔ مثال کے طور پر 234، 2 سے قابلِ تقسیم ہے لیکن 335 نہیں ہے۔

3 سے تقسیم کاری کے لیے پرکھ

اعداد کے تمام ہندسے جمع کریں۔ اگر حاصل کردہ عدد مکمل طور پر 3 سے قابلِ تقسیم ہو تو وہ پورا عدد 3 سے قابلِ تقسیم ہوگا۔ مثال کے طور پر 342، 3 سے قابلِ تقسیم ہے کیونکہ 3+4+2 کا حاصل کردہ 9 ہے جو 3 سے مکمل طور پر قابلِ تقسیم ہے۔ 134، 3 سے قابلِ تقسیم نہیں ہے کیونکہ 4+3+1 کا حاصل کردہ 8 ہے جو 3 سے مکمل طور پر قابلِ تقسیم نہیں ہے۔

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

Test for divisibility by 4

If in a number, the digits in the tens and units place are 00 or are exactly divisible by 4, then that number is exactly divisible by 4. For example, 2,300 is divisible by 4. 2348 is divisible by 4 as the numbers in the tens and units place are completely divisible by 4. The numbers 3,450 and 1,234 are not divisible by 4 as the last two digits are not 00 or not divisible by 4.

Test for divisibility by 5

If the digit in the units place of a number is 5 or 0 then the number is divisible by 5, for example 25 and 250 are divisible by 5, while 234 is not divisible by 5.

Test for divisibility by 6

If the sum of the digits of an even number is exactly divisible by 3, then it is exactly divisible by 6. For example 24 is divisible by 2 as well as 3, therefore, 24 is divisible by 6. 38 is divisible by 2 but not by 3 so 38 is not divisible by 6. 45 is divisible by 3 but not by 2 so it is not divisible by 6.

Test for divisibility by 9

Add up all the digits of the number. If the sum is a number that is divisible by 9 then that number is divisible by 9. For example 693 is divisible by 9 because the sum of the digits 6 + 9 + 3 is 18 which is divisible by 9. 1,234 is not divisible by 9 because the sum of its digits 1 + 2 + 3 + 4 is 10 which is not divisible by 9.

Test for divisibility by 10

Any number which has a 0 in the unit place, for example 380, 230, 400, is divisible by 10. 2345 is not divisible by 10.

Plenary

Tell them that a number can have many divisors. Write a number on the board which is divisible by 2, 3, 5, 6, and 10. For example, 695520.

Extended Activity: Divide the class in two groups. Ask one group to make a list of 6 number divisible by 3, 5, 9, and other group will make a list of numbers divisible by 2, 4, 6 and 10.

4 سے تقسیم کاری کے لیے پرکھ

اگر کسی عدد میں اکائی اور دہائی مقام پر موجود ہندسے 00 ہوں یا 4 سے مکمل طور پر قابلِ تقسیم ہوں تو وہ عدد 4 سے مکمل طور پر قابلِ تقسیم ہوگا۔ مثال کے طور پر 2300 ، 4 سے قابلِ تقسیم ہے 2348 بھی 4 سے قابلِ تقسیم ہے کیونکہ اکائی اور دہائی مقام پر موجود عدد 4 سے مکمل طور پر قابلِ تقسیم ہے۔ 1234 اور 3450، 4 سے قابلِ تقسیم نہیں ہے کیونکہ آخری کے دو ہندسے 00 نہیں ہیں اور نہ ہی 4 سے قابلِ تقسیم ہیں۔

5 سے تقسیم کاری کے لیے پرکھ

اگر کسی عدد میں اکائی مقام پر موجود ہندسہ 0 یا 5 ہو تو وہ عدد 5 سے مکمل طور پر قابلِ تقسیم ہوگا۔ مثال کے طور پر 25 اور 250، 5 سے قابلِ تقسیم ہے جبکہ 234، 5 سے قابلِ تقسیم نہیں ہے۔

6 سے تقسیم کاری کے لیے پرکھ

اگر جفت عدد کے ہندسوں کا حاصل کردہ مکمل طور پر 3 سے قابلِ تقسیم ہو تو وہ عدد 6 سے بھی مکمل طور پر قابلِ تقسیم ہے۔ مثال کے طور پر 24، 2 اور 3 دونوں سے قابلِ تقسیم ہے لہٰذا 24، 6 سے بھی قابلِ تقسیم ہے۔ 38، 2 سے قابلِ تقسیم ہے لیکن 3 سے نہیں ہے لہٰذا 38، 6 سے قابلِ تقسیم نہیں ہے۔

9 سے تقسیم کاری کے لیے پرکھ

اعداد کے تمام ہندسے جمع کریں۔ اگر حاصل کردہ عدد مکمل طور پر 9 سے قابلِ تقسیم ہو تو وہ پورا عدد 9 سے قابلِ تقسیم ہوگا۔ مثال کے طور پر 693، 9 سے قابلِ تقسیم ہے کیونکہ 6+9+3 کا حاصل کردہ 18 ہے جو 9 سے مکمل طور پر قابلِ تقسیم ہے۔ 1234، 9 سے قابلِ تقسیم نہیں ہے کیونکہ 4+3+2+1 کا حاصل کردہ 10 ہے جو 9 سے مکمل طور پر قابلِ تقسیم نہیں ہے۔

10 سے تقسیم کاری کے لیے پرکھ

اگر کسی عدد میں اکائی مقام پر موجود ہندسہ 0 ہو تو وہ عدد 10 سے مکمل طور پر قابلِ تقسیم ہوگا۔ مثال کے طور پر 380، 230، 400، 10 سے قابلِ تقسیم ہے جبکہ 2345، 10 سے قابلِ تقسیم نہیں ہے۔

حاصل کردہ

انھیں بتائیں کہ ایک عدد کے بہت سارے تقسیم کردہ ہوسکتے ہیں۔ تختے پر 2، 3، 6 اور 10 سے قابلِ تقسیم عدد لکھیں۔ مثال کے طور پر 695520۔

اضافی سرگرمی : جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں۔ ایک گروہ سے 3، 5 اور 9 سے قابلِ تقسیم 6 اعداد کی ایک فہرست بنانے کو کہیں اور دوسرا گروہ 2، 4، 6 اور 10 سے قابلِ تقسیم اعداد کی فہرست بنائے گا۔

Lesson 5: BODMAS Rules

Objective

Enable them to:

- recognise BODMAS rules
- verify distributive laws

Students' Learning Outcomes

Student will be able to:

- apply BODMAS rules to combined operations
- verify distributive laws of multiplication over addition and subtraction

Start

Introduce parenthesis ( ) by telling them that it is a type of a bracket. Tell students that maths operations tell us whether add, subtract, multiply or divide while parenthesis tell us that operations in the parenthesis has to be done first.

Main

Write an expression on the board as following.

$5 + 6 \times 3$

Write 33 as answer and ask who agrees? Write 23 as answer and ask who agrees? Ask them can be there two answers in math? At this point tell them about BODMAS rules. BODMAS explains the order of operations, we should follow to solve an expression involving multiple operations.

Explain that we follow the order as given below.

B: bracket
O: order
D: division
M: multiplication
A: addition
S: subtract

سبق نمبر 5 : بوڈماس کے اصول

مقصد

- طلبہ کو بوڈماس کے اصول پہچاننے کے قابل بنانا۔
- حرفِ تقسیم قوانین کی تصدیق کے قابل بنانا۔

طلبہ کا حاصلاتِ تعلم

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ملے جلے عوامل پر بوڈماس کے اصول لاگو کرسکیں۔
- جمع اور تفریق پر ضرب کے حرفِ تقسیم قوانین کی تصدیق کر سکیں۔

ابتدائیہ

قوسین ( ) کو متعارف کرواتے ہوئے بتائیں کہ یہ وحدانی خط کی ایک قسم ہے۔ طلبہ کو بتائیں کہ ریاضی عوامل سے ہمیں یہ پتا چلتا ہے کہ آیا جمع، تفریق، ضرب یا تقسیم کرنا ہے اور قوسین سے ہمیں یہ پتا چلتا ہے کہ قوسین میں موجود عوامل کو سب سے پہلے حل کرنا ہے۔

مرکزی نقطہ

درج ذیل جملہ تختے پر تحریر کریں۔

5 + 6 x 3

33 کو جواب کے طور پر لکھیں اور پوچھیں کہ کون اس جواب سے متفق ہے؟ 23 کو جواب کے طور پر لکھیں اور پوچھیں کہ کون اس جواب سے متفق ہے؟ پھر پوچھیں کہ کیا ریاضی میں دو جوابات ہو سکتے ہیں؟ اس مقام پر انھیں بوڈماس کے اصول سے آگاہ کریں۔ بوڈماس ریاضی عوامل کی ترتیب کے بارے میں سمجھاتا ہے کہ ہمیں ایک سے زائد عوامل پر مشتمل سوال کو حل کرنے کے لیے اس ترتیب کی پیروی کرنی چاہیے۔

انھیں سمجھائیں کہ ہم نیچے دی گئی ترتیب کی پیروی کرتے ہیں۔

بی : وحدانی خط

او : ترتیب

ڈی : تقسیم

ایم : ضرب

اے : جمع

ایس : تفریق

Tell them that operations given in bracket ( ) should be performed first. Now apply BODMAS on 5 + 6 × 3. To apply the correct order of operations, we write as following.

$5 + (6 \times 3) = 5 + 18 = 23$

We get 23 which is the correct answer. Give them questions (a–d) on page 20 of the text book to solve.

At this stage introduce distributive laws of addition and subtraction.

Let us take three numbers 4, 5 and 6.

Distributive law of multiplication over addition states that

$4 \times (5 + 6) = (4 \times 5) + (4 \times 6)$

$4 \times 11 = 20 + 24$

$44 = 44$ (law verified)

Distributive law of multiplication over subtractions states that

$4 \times (6 - 5) = 4 \times 6 - 4 \times 5$

$4 \times 1 = 24 - 20$

$4 = 4$ (law verified)

Give them questions (a – d) from exercise on page 21. Ask them to be vigilant to solve parenthesis first.

Plenary

Solve few sums on the board with the help of students to give them extensive practice in arithmetic expressions. Reinforce the importance of parenthesis.

Extended Activity: Ask each of them to make a mathematical expression using different operations and parenthesis giving answer equal to 10.

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

انھیں بتائیں کہ وحدانی خط میں موجود عوامل سب سے پہلے حل کیے جانے چاہئیں۔ اب 3 x 6 + 5 پر بوڈماس کے اصول لاگو کریں۔ عوامل پر درست ترتیب لاگو کرنے کے لیے ہم درج ذیل طریقے سے لکھیں گے :

5 + (6 x 3) = 5 + 18 = 23

ہمیں جواب 23 ملا ہے جو کہ درست ہے۔ کتاب کے صفحہ نمبر 20 پر موجود (a – d) سوالات کاپیوں میں حل کریں۔

اس مرحلے پر جمع اور تفریق کے حرفِ تقسیم کے اصول کو متعارف کروائیں۔

چلیں ہم تین اعداد 4، 5 اور 6 لیتے ہیں۔

جمع پر ضرب کی حرفِ تقسیم کا اصول کہتا ہے کہ

4 x (5 + 6) = (4 x 5) + (4 x 6)

4 x 11 = 20 + 24

44 = 44 (اصول کی تصدیق)

تفریق پر ضرب کی حرفِ تقسیم کا اصول کہتا ہے کہ

4 x (6 - 5) = 4 x 6 - 4 x 5

4 x 1 = 24 - 20

4 = 4 (اصول کی تصدیق)

صفحہ نمبر 21 پر موجود مشق میں سے (a – d) سوالات کاپیوں میں حل کرنے کو دیں۔ ان سے کہیں کہ قوسین کو پہلے سے حل کرنے کے لیے چوکس رہیں۔

حاصل کردہ

ریاضی سوالات پر وسیع مشق پر حل کرنے کے لیے طلبہ کی مدد سے تختے پر کچھ سوالات حل کریں۔ قوسین کی اہمیت پر زور دیں۔

اضافی سرگرمی : طلبہ سے مختلف عوامل اور قوسین کا استعمال کرتے ہوئے ریاضی کے سوالات بنانے کو کہیں اس طرح کہ ان کا جواب 10 آئے۔

unit

2

HCF and LCM *(pages 22-48)*

Overview

This unit consists of the recall of factors and multiples already taught in previous level. This chapter deals with HCF and LCM of more than two numbers, found by applying different methods.

Lesson 1: Factors

Objectives

Enable students to:

- identify factors and how to find them
- recognize and calculate prime factors

Students' Learning Outcomes

Students will able to:

- calculate the possible factors of a given number
- find prime factors of a number

Start

Ask them to complete the following multiplication grid.

x	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
1					5			8		
2				8					18	
3										
4										
5						30				
6										
7							49			
8	8					48				
9										
10										100

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

یونٹ

۲

عادِ اعظم اور ذواضعافِ اقل

(صفحہ 48 تا 22)

یونٹ کا مجموعی جائزہ :

یہ یونٹ پچھلی جماعت میں پہلے سے پڑھائے گئے حاصلِ ضرب اور اجزائے ضربی کی دہرائی پر مشتمل ہے۔
یہ باب مختلف طریقوں کو لاگو کرتے ہوئے دو سے زائد اعداد کے عادِ اعظم اور ذواضعافِ اقل معلوم کرنے کے لیے مختلف طریقہ کار کی معلومات فراہم کرتا ہے۔

سبق نمبر 1 : اجزائے ضربی

مقصد

- طلبہ کو اجزائے ضربی پہچاننے اور معلوم کرنے کے قابل بنانا۔
- مفرد اجزائے ضربی کو پہچاننے کے قابل بنانا۔

طلبہ کا حاصلاتِ تعلم

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- دیے گئے عدد کے ممکنہ اجزائے ضربی معلوم کر سکیں۔
- کسی بھی عدد کے مفرد اجزائے ضربی معلوم کر سکیں۔

ابتدائیہ

طلبہ سے درج ذیل ضرب کاری کا خاکہ مکمل کرنے کو کہیں۔

x	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
1					5			8		
2				8					18	
3										
4										
5						30				
6										
7							49			
8	8					48				
9										
10										100

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

Main

Factors

Draw eight circles on the board. Ask the students to arrange them in different groups so that nothing is left.

On the board draw,

groups of one: O,O,O,O,O,O,O,O (1 × 8) eight groups

groups of two: OO,OO,OO,OO (2 × 4) four groups

groups of four: OOOO,OOOO (4 × 2) two groups

group of eight: OOOOOsOOO (8 × 1) one group

Explain that every time the circles were arranged, there were none left. So, 1, 2, 4 and 8 are called 'factors' of 8. We can find the factors of numbers by arranging them in groups. Explain with more examples and show that 1 is a factor of every number. It is interesting to note that every number is a factor of itself.

Ask them to relate their findings with the number multiplication grid.

For example: Take numbers 16 and 24, and find their all possible factors.

16: 1, 2, 4, 8, 16

24: 1, 2, 3, 4, 6, 8, 12, 24

Common factors: 1, 2, 4, 8

Prime factors

Write 12 on the board. Find two factors of 12, which are 3 × 4. 4 again has two factors 2 × 2. So the factors of 12 are 3 × 2 × 2. Since 2 and 3 are prime numbers, therefore, they are called the 'prime factors' of 12. Explain that we cannot make any more factors of the prime factors. The method by which we make prime factors is called 'prime factorisation'. To find the prime factors of 12 we can proceed as follows.



Prime factors: 2 × 2 × 3



Prime factors: 3 × 2 × 2

Ask the students to make factor trees as shown in the book. Explain that we can make prime factors in many ways, for example the factors of 12 can be 2 × 6, where the factors of 6 are 2 × 3. So the prime factors of 12 are 2 × 2 × 3. This shows that

مرکزی نقطہ

اجزائے ضربی

تختے پر آٹھ دائرے بنائیں اور طلبہ سے کچھ اس طرح گروہ میں ترتیب دینے کو کہیں کہ آخر میں کوئی دائرہ نہ بچے۔
تختے پر بنائیں :

ایک کا گروہ : O,O,O,O,O,O,O,O, (1 x 8) آٹھ گروہ

دو کا گروہ : OO,OO,OO,OO (2 x 8) چار گروہ

چار کا گروہ : OOOOOOOO (4 x 2) دو گروہ

آٹھ کا گروہ : OOOOsOOOO (8 x 1) ایک گروہ

طلبہ کو سمجھائیں کہ ہر مرتبہ دائرے ترتیب دینے پر، کچھ بھی باقی نہیں بچا تو اجزائے ضربی 1، 2، 4 اور 8 ہیں۔ ہم کسی بھی عدد کے اجزائے ضربی ان کو گروہ میں ترتیب دے کر معلوم کرسکتے ہیں۔ مزید مثالوں سے سمجھائیں اور یہ دکھائیں کہ نمبر 1 ہر عدد کا ضربی جز ہوتا ہے۔ اس بات پر غور کرنا بہت دلچسپ ہے کہ ہر عدد اپنے آپ کا ضربی جز ہوتا ہے۔
طلبہ کو ضرب کاری کے خاکے کے ساتھ اپنے نتائج کا تعلق معلوم کرنے کو کہیں۔
مثال کے طور پر : دو اعداد 16 اور 24 لیں اور تمام ممکنہ اجزائے ضربی معلوم کریں۔

16 : 1, 2, 4, 8, 16

24 : 1, 2, 3, 4, 6, 8, 12, 24

ایک جیسے اجزائے ضربی : 1, 2, 4, 8

مفرد اجزائے ضربی

تختے پر 12 لکھیں۔ 12 کے دو اجزائے ضربی معلوم کریں جو کہ 3 اور 4 ہیں۔ 4 کے دوبارہ 2 اجزائے ضربی 2 x 2 ہیں۔ تو 12 کے اجزائے ضربی 2 x 2 x 3 ہیں۔ چونکہ 2 اور 3 مفرد اعداد ہیں لہٰذا یہ مفرد اجزائے ضربی کہلاتے ہیں۔ وضاحت کریں کہ ہم مفرد اجزائے ضربی کے مزید اجزائے ضربی نہیں بنا سکتے۔ وہ طریقہ کار جس کی مدد سے ہم مفرد اجزائے ضربی بناتے ہیں مفرد جزو ضربی کہلاتا ہے۔ 12 کے مفرد اجزائے ضربی معلوم کرنے کے لیے ہم درج ذیل کی طرح آگے بڑھ سکتے ہیں۔



Prime factors: 2 × 2 × 3



Prime factors: 3 × 2 × 2

طلبہ سے کتاب میں موجود اجزائے ضربی کا خاکہ بنانے کو کہیں۔ وضاحت کریں کہ ہم بہت سارے طریقوں سے مفرد اجزائے ضربی بنا سکتے ہیں، مثال کے طور پر 12 کے اجزائے ضربی 6 x 2 ہو سکتے ہیں، جبکہ 6 کے اجزائے ضربی 2 x 3 ہیں تو اس حساب سے 12 کے

although we can make factors in different ways the prime factors will always be the same.

Ask them to do Q. 1 on page 26 (a-i) in class.

Plenary

Tell them 1 and the number itself are the factors of every number. Dividing a number by its factor leaves no remainder. Prime factorisation means that factors are only prime numbers. Write some numbers on the board to find prime factors.

Extended Activity: Ask them to break their date of birth in factors. They can take help from grid. Is their date of birth a prime number or a composite number?

Lesson 2: Highest Common Factor (HCF)

Objectives

Enable them to find the highest common factor (HCF) of three numbers.

Students' Learning Outcomes

Students will be able to find HCF of three numbers up to 2 digits using

- prime factorisation method
- division method

Start

Write the factors of 12 and 18 on the board. Factors of 12 are 1, 2, 3, 4, 6, 12. Factors of 18 are 1, 2, 3, 6, 9, 18. The common factors for 12 and 18 are 1, 2, 3 and 6. Of these 6 is the highest common factor, therefore, HCF = 6.

Explain that the highest common factor means the highest or the biggest number that can divide two or more numbers exactly.

Main

Tell the students that HFC of two or more numbers can be found by prime factorisation method.

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اجزائے ضربی 3 x 2 x 2 ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حالانکہ ہم مختلف طریقوں سے مفرد اجزائے ضربی معلوم کرسکتے ہیں لیکن مفرد اجزائے ضربی ہمیشہ یکساں رہتے ہیں۔
طلبہ سے کہیں کہ صفحہ نمبر 26 پر موجود سوال نمبر (a-i) جماعت میں حل کریں۔

حاصل کردہ

طلبہ کو بتائیں کہ 1 اور وہ عدد خود ہر عدد کے اجزائے ضربی ہوتے ہیں۔ ایک عدد کو اس کے اجزائے ضربی سے تقسیم کرنے سے کچھ باقی نہیں رہتا۔ مفرد جزوضربی کا مطلب ہے کہ تمام اجزائے ضربی صرف مفرد اعداد ہیں۔ تختے پر مفرد اجزائے ضربی معلوم کرنے کے لیے کچھ اعداد لکھیں۔

اضافی سرگرمی : طلبہ سے ان کی تاریخِ پیدائش اجزائے ضربی میں توڑنے کو کہیں۔ وہ خاکے سے مدد لے سکتے ہیں۔ کیا ان کی تاریخِ پیدائش ایک مفرد عدد ہے یا مخلوط عدد؟

سبق نمبر 2 : عادِ اعظم

مقصد

طلبہ کو تین اعداد کا عادِ اعظم معلوم کرنے کے قابل بنانا۔

طلبہ کا حاصلاتِ تعلم

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- مفرد جزوضربی کے طریقہ کار کے ذریعے 2 ہندسوں تک تین اعداد کا عادِ اعظم معلوم کرسکیں۔
- تقسیم کے طریقہ کار کے ذریعے 2 ہندسوں تک تین اعداد کا عادِ اعظم معلوم کرسکیں۔

ابتدائیہ

تختے پر 12 اور 18 کے اجزائے ضربی لکھیں۔ 12 کے اجزائے ضربی 1 ، 2، 3، 4، 6، 12 ہیں۔ 18 کے اجزائے ضربی 1، 2، 3، 6، 9، 18 ہیں۔ 12 اور 18 کے لیے ایک جیسے اجزائے ضربی 1 ، 2، 3 اور 6 ہیں جس میں سے 6 عادِ اعظم ہے کیونکہ یہ سب سے بڑا جزوِضربی ہے۔
وضاحت کریں کہ عادِ اعظم کا مطلب سب سے بڑا وہ عدد جو دو یا دو سے زائد اعداد کو مکمل طور پر تقسیم کرسکے۔

مرکزی نقطہ

طلبہ کو بتائیں کہ دو یا دو سے زائد اعداد کا عادِ اعظم مفرد جزوضربی کے طریقہ سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

For example, find the HCF of 30 and 45

2	30
3	15
5	5
	1

3	45
3	15
5	5
	1

Therefore, the prime factors of 30 are 2 × 3 × 5 and the prime factors of 45 are 3 × 3 × 5. In this case, 5 × 3 is the common factor. Therefore the highest common factors (HCF) is 5 × 3=15.

Explain the method of finding HCF by prime factorisation using several examples, including the example on page 43 of the book. Ask the students to do the exercise on page 45 Q 1 (a– c).

Solve the example from book page 46 to explain the HCF of three numbers. Ask them to solve (a – e) from exercise on page 46.

Tell the students that there is another method of finding HCF used for very large numbers, called long division method.

To elaborate further, demonstrate how to find the HCF of 334 and 314.

Tell the students to first divide the greater number by the smaller number.

```
314) 334 (1
    -314
      20   (remainder)
```

Make the remainder the divisor of the first divisor.

```
20 ) 314 (15
    –20
     114
    –100
      14   (remainder)
```


OXFORD UNIVERSITY PRESS

مثال کے طور پر، 30 اور 45 کا عادِ اعظم معلوم کریں

2	30
3	15
5	5
	1

3	45
3	15
5	5
	1

لہٰذا، 30 کے مفرد اجزائے ضربی 5 x 3 x 2 ہیں اور 45 کے مفرد اجزائے ضربی 5 x 3 x 3 ہیں۔

اس صورتِ حال میں، 3 x 5 ایک جیسے اجزائے ضربی ہیں۔ لہٰذا، 15 = 3 x 5 عادِ اعظم ہے۔

کئی مثالوں اور صفحہ نمبر 43 پر موجود مثال کا استعمال کرتے ہوئے مفرد جزوِ ضربی سے عادِ اعظم معلوم کرنے کا طریقہ کار سمجھائیں۔ طلبہ سے کہیں کہ صفحہ نمبر 45 پر موجود سوال نمبر 1 (a – c) حل کریں۔

تین اعداد کا عادِ اعظم سمجھانے کے لیے صفحہ نمبر 46 پر موجود مثال حل کریں۔ طلبہ سے صفحہ نمبر 46 پر موجود مشق سے (a – e) حل کرنے کو کہیں۔

طلبہ کو بتائیں کہ بہت بڑے اعداد کا عادِ اعظم معلوم کرنے کے لیے دوسرا طریقہ کار ہے جس کو لمبا تقسیم کا طریقہ کہتے ہیں۔

مزید سمجھانے کے لیے، 334 اور 314 کا عادِ اعظم معلوم کر کے دکھائیں۔

انھیں بتائیں کہ سب سے پہلے بڑے عدد کو چھوٹے عدد سے تقسیم کریں۔

```
314 ) 334 ( 1
     -314
     ----
       20        (باقی)
```

پہلے تقسیم کردہ کے حاصل کردہ کو اسی کا تقسیم کردہ بنائیں۔

```
20 ) 314 ( 15
    -20
    ----
     114
    -100
    ----
      14        (باقی)
```

Make the remainder the divisor of the second divisor.

```
14 ) 20 ( 1
    −14
      6    (remainder)
```

Make the remainder the divisor of the third divisor.

```
6 ) 14 ( 2
   −12
     2
```

Make the remainder the divisor of the fourth divisor.

```
2 ) 6 ( 3
   − 6
     0
```

The last divisor is 2, so the HCF of 334 and 314 is 2.

Explain the method by several examples, including examples 1 and 2 on pages 47-48 of the book, before the students are asked to solve the exercise on page 48.

Plenary

Tell the students that prime numbers always have only two factors, one and the numbers itself. For example factors of 7 are 1 × 7. Ask them to find the prime factors of 5, 9, 11, and 51.

Extended Activity: Ask the students to make a list of ages of their siblings and then find HCF.

Lesson 3: Multiples

Objectives

Enable student to:

- have a concept of multiples of a number
- identify and calculate multiples and common multiples

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اب دوسرے تقسیم کردہ کے حاصل کردہ کو اسی کا تقسیم کردہ بنائیں۔

$$\begin{array}{r|l} 14 & 20 \;(1 \\ & -14 \\ \hline & 6 \end{array}$$
(باقی)

اب تیسرے تقسیم کردہ کے حاصل کردہ کو اسی کا تقسیم کردہ بنائیں۔

$$\begin{array}{r|l} 6 & 14 \;(2 \\ & -12 \\ \hline & 2 \end{array}$$
(باقی)

اب چوتھے تقسیم کردہ کے حاصل کردہ کو اسی کا تقسیم کردہ بنائیں۔

$$\begin{array}{r|l} 2 & 6 \;(3 \\ & -6 \\ \hline & 0 \end{array}$$

آخری تقسیم کردہ 2 ہے، تو 334 اور کا عادِ اعظم 2 ہے۔

طلبہ سے صفحہ نمبر 48 پر موجود مشق حل کرنے سے پہلے، کتاب کے صفحہ نمبر 47 تا 48 پر موجود مثال نمبر 1 اور 2، اور مزید مثالیں شامل کرتے ہوئے طریقہ کار سمجھائیں۔

حاصل کردہ

طلبہ کو بتائیں کہ مفرد اعداد کے ہمیشہ دو اجزائے ضربی ہوتے ہیں، پہلا 1 اور دوسرا خود وہ عدد۔ مثال کے طور پر 7 کے اجزائے ضربی 1 x 7 ہیں۔ طلبہ سے 5، 9، 11 اور 51 کے اجزائے ضربی معلوم کرنے کو کہیں۔

اضافی سرگرمی: طلبہ سے اپنے گھر والوں کی عمروں کی ایک فہرست بنائیں اور عادِ اعظم معلوم کرنے کو کہیں۔

سبق نمبر 3 : حاصلِ ضرب

مقصد

- طلبہ کو ایک عدد کے حاصلِ ضرب کا تصور سمجھنے کے قابل بنانا۔
- طلبہ کو حاصلِ ضرب اور ذواضعاف پہچاننے اور معلوم کرنے کے قابل بنانا۔

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

Students' Learning Outcomes

Students will be able to:

- find multiples of any number
- find common multiple of four 2-digit numbers

Start

Ask random table from the class and jot down them on the board .

For example:

$8 \times 3 = 24$

$9 \times 2 = 18$

$7 \times 5 = 35$

$2 \times 7 = 14$

Main

Tell the students that multiples are the numbers which are obtained by multiplying two or more numbers.

Write the following table on the board.

$7 \times 1 = 7$

$7 \times 2 = 14$

$7 \times 3 = 21$

$7 \times 4 = 28$

$7 \times 5 = 35$

Tell the students that 7, 14, 21, 28 and 35 are called multiples of 7.

Ask the students to find first 5 multiples of 2, 3, 4 and 6.

Ask them to do exercise on page 30 in the class.

Now tell them to find multiples of 4 and 8.

Explain them that multiplies of any number are infinite because number are infinite.

3, 6, 9, 12, (15), 18, 21, 24, 27, (30) …

5, 10, (15), 20, (30), 35, 40.

OXFORD UNIVERSITY PRESS

طلبہ کا حاصلاتِ تعلم

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- کسی بھی عدد کا حاصلِ ضرب معلوم کرسکیں۔
- دو ہندسی اعداد کے چار ذواضعاف معلوم کرسکیں۔

ابتدائیہ

جماعت میں بے ترتیبی سے پہاڑے پوچھیں اور مختصراً تختے پر لکھیں۔
مثال کے طور پر

8 x 3 = 24

9 x 2 = 18

7 x 5 = 35

2 x 7 = 14

مرکزی نقطہ

طلبہ کو بتائیں کہ حاصل ضرب وہ اعداد ہوتے ہیں جو دو یا دو سے زائد اعداد کو ضرب دے کر حاصل کیے جائیں۔
تختے پر درج ذیل پہاڑا لکھیں :

7 x 1 = 7

7 x 2 = 14

7 x 3 = 21

7 x 4 = 28

7 x 5 = 35

طلبہ کو بتائیں کہ 7 ، 14، 21، 28 اور 35، 7 کے حاصلِ ضرب کہلاتے ہیں۔
طلبہ سے 2، 3، 4 اور 6 کے شروع کے 5 حاصلِ ضرب معلوم کرنے کو کہیں۔
پھر صفحہ نمبر 30 پر موجود مشق جماعت میں حل کرنے کو کہیں۔
پھر انھیں 4 اور 8 کے حاصلِ ضرب معلوم کرنے کو کہیں۔
